تمام معیشت ان لوگوں کے قبضہ میں چلی جائے گی۔ (لا قدرھا اللہ)

۷۔ مرزائیت کی رد میں اب تک جو لٹریچر شائع ہو چکا ہے۔ اس کی ایک فہرست تیار کی جائے۔ جس میں یہ بھی درج ہو کہ اس وقت یہ کتاب فلاں فلاں جگہ سے مل سکتی ہے۔ مجلس تحفظ ختم نبوت ملتان اس سلسلہ میں کافی مدد ثابت ہو سکتی ہے۔ اس ضمن میں علماء کی ایک کنونشن بلائی جائے جو وقت کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے ان کتب میں سے ضروری کا انتخاب کر کے وسیع پیمانہ پر ان کی اشاعت اور تقسیم کا انتظام کرے۔

۸۔ اس کے لئے رقم کہاں سے آئے گی۔؟ ..... حال ہی میں مدیر چٹان نے قادیانی محاسبہ کمیٹی کا اجرا کیا اور اس کے لئے چندہ کی اپیل کی۔ ایک لاکھ روپیہ اس کے لئے فراہم ہو گیا۔ اگر علماء کی مشترکہ اپیل ہو، مثبت کام کی نشاندہی کی جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ وافر سرمایہ اس کار خیر کے لئے جمع نہ ہو۔ ۱۹۵۳ء میں خون دینے والی قوم رقم دینے سے پہلو تہی نہیں کرے گی۔ انشاء اللہ۔

۹۔ اصاغرین قوم یعنی طالب علموں کو بھی اس مشن میں شامل کیا جائے۔ انہیں دفاعی اور جارحانہ دونوں طرح کے دلائل سے لیس کیا جائے۔ عیسائی مشنریوں کے بائبل کے اسباق FREE BIBLE COURSES کے نمونہ پر اسباق تیار کئے جائیں اور دلچسپ پیرائے میں ان کو ترتیب دیکر شائع کیا جائے۔

امید ہے ان گذارشات پر قرار واقعی غور ہوگا۔ اور بزرگان ملت اس سلسلہ میں ضروری راہنمائی فرمائیں گے۔ فقط والسلام

احقر مقصود احمد گتہ مل۔ راہوالی۔ گوجرانوالہ

قادیانیت اور بہائیت | سرور گرامی۔ تمام مطالب الحق جالب و دارندہ ہستند دلی مطالبی کہ در حین تدوین قانون اساسی پاکستان برائے ترویج آئین اسلامی منتشر شدند لائق صد تعریف و تحسین می باشند۔ نیز مقالاتی کہ جہت تحفظ ختم نبوت کہ در ہر شمارہ تحریر می شوند حتماً پیروان متنبی قادیان را لرزہ بر اندام خواہند ساخت و خواہند فہمید کہ فرسنگہا دور از جادہ مستقیم در چاہ عمیق ضلالت افتادہ اند و امید است کہ اگر در قلب کسی انابۃ و حق پرستی باشد بہ راہ راست قدم بزند۔

واللہ یھدی من یشاء۔

و بنظر من فتنہ قادیانیت و بہائیت برای تمام مسلمانان جہان خصوصاً برای مسلمانان دو کشور ہمجوار و دوست اعظم الفتق بشمار می آید۔ این مارہای آستین در ہر وقت و ہر آن تا جائی کہ قادر باشد از نیش زدن بر وجود مبارک اسلام و مسلمین دریغ نمی کنند۔ پس باید راہنمایان دین متین در اظہار